# قرآنی علاج


از

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی



الفرقان بکڈپو، ۱۱۴/۳۱ نظیر آباد لکھنؤ

04.11.2016

سلسلۂ مطبوعات توحید پبلشرز ۴

# قرآنی علاج

از

حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ

ملنے کا پتہ

الفرقان بکڈپو۔ ۳۱ نیا گاؤں مغربی لکھنؤ

حقوق طبع محفوظ ہیں

نام کتاب ______ قرآنی علاج

مصنف ______ حضرت مولانا اشرف علی تھانوی

کتابت ______ شبیر احمد کاکوروی

طباعت ______ کاکوری آفسیٹ پریس، لکھنؤ

ایڈیشن ______ دسمبر ۲۰۱۲ء

قیمت -/Rs. 15

ناشر

الفرقان بکڈپو، ۱۱۴/۳۱ نظیر آباد لکھنؤ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# قرآنی علاج

از حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی

## جھاڑ پھونک کا بیان

جس طرح بیماری کا علاج دوا دارو سے ہوتا ہے، اسی طرح بعض موقع پر جھاڑ پھونک سے بھی فائدہ ہو جاتا ہے، (قرآن کریم کی آیات سے دم کرنا اور بطور تعویذ استعمال کرنا باعث برکت وصحت ہے) دوسرے یہ کہ بعض جاہل عورتیں بچوں کی بیماری میں یا اولاد کی آرزو میں ایسی ڈانواڈول ہو جاتی ہیں کہ خلاف شرع کام کرنے لگتی ہیں۔ کہیں فال کھلواتی ہیں۔ کہیں چڑھاوے چڑھاتی ہیں، کہیں واہی تباہی منتیں مانتی ہیں، کہیں کسی کو ہاتھ دکھاتی ہیں، بددین اور ٹھگ لوگوں سے تعویذ گنڈے یا جھاڑ پھونک کراتی ہیں۔ بلکہ بعض جاہل تو ایسے وقت میں سیتلا بھوانی تک کو پوجنے لگتی ہیں، جس سے دین بھی خراب ہوتا ہے اور گناہ بھی ہوتا ہے۔ بلکہ بعض باتوں سے تو آدمی کافر مشرک ہو جاتا ہے۔ اور بعض دفعہ ایسے لوگ کچھ پیسے، روپے یا کپڑا اور غلہ یا مرغا اور بکرا وغیرہ بھی وصول کر لیتے ہیں۔ اور کبھی کبھی ایسے لوگوں کے پاس عورتوں کے آنے جانے یا بات چیت کرنے سے ان کی نیت بگڑ جاتی ہے اور آبرو کے لاگو ہو جاتے ہیں۔ غرض ہر طرح کا نقصان

ہے، اور پھر بھی ہوتا وہی ہے جو منظور خدا ہوتا ہے۔ اس واسطے یہی خیال ہوا کہ کسی قدر جھاڑ پھونک کے طریقے بتا دیے جائیں جو ہماری شرع کے خلاف نہ ہوں، تاکہ خدا تعالیٰ کے نام کی برکت سے شفا بھی ہو اور دین بھی بچا ہے۔ اور مال اور آبرو کا بھی نقصان نہ ہو۔

## سر کا اور دانت کا درد اور ریاح

ایک پاک تختی پر پاک ریتا بچھا کر ایک میخ سے اس پر لکھو۔ ابجد ھوز حطی۔ اور میخ کو زور سے الف پر دباؤ، اور درد والا اپنی انگلی زور سے درد کی جگہ رکھے، اور تم ایک دفعہ اَلْحَمْدُ پڑھو اور درد کا حال پوچھو۔ اگر اب بھی درد ہو تو اسی طرح ب کو دباؤ۔ غرض ایک ایک حرف پر اسی طرح عمل کرو، انشاءاللہ تعالیٰ حروف ختم نہ ہونے پائیں گے کہ درد جاتا رہے گا۔

## ہر قسم کا درد

درد خواہ کہیں ہو یہ آیت بسم اللہ سمیت تین دفعہ پڑھ کر دم کریں یا کسی تیل وغیرہ پر پڑھ کر مالش کریں یا باوضو لکھ کر باندھیں۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا۔ (سورہ بنی اسرائیل پ۱۵ رکوع ۱۲)

## دماغ کا کمزور ہونا

پانچوں نمازوں کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر گیارہ بار یَا قَوِیُّ پڑھو۔

## نگاہ کی کمزوری

بعد پانچوں نمازوں کے یَا نُوْرُ گیارہ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے پوروں پر

دم کرکے آنکھوں پر پھیر لیں۔

## زبان میں ہکلاپن ہونا

زبان میں ہکلاپن ہونا یا ذہن کا کم ہونا، فجر کی نماز پڑھ کر ایک پاک کنکری منہ میں رکھ کر یہ آیت اکیس بار پڑھیں۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ

(سورۃ طٰہٰ پ۱۶ ع۲) اور روزمرہ ایک بسکٹ پر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ[1] الخ لکھ کر چالیس روز کھلانے سے بھی ذہن بڑھتا ہے۔

## ہول دلی

یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر گلے میں باندھیں۔ ڈورا اتنا لمبا ہے کہ تعویذ دل پر پڑا رہے اور دل بائیں طرف ہوتا ہے۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (سورۃ الرعد ع۴)

## پیٹ کا درد

یہ آیت پانی وغیرہ پر تین بار پڑھ کر پلائیں۔ یا لکھ کر پیٹ پر باندھیں۔

لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ (سورۃ الصّٰفّٰت پ۲۳ ع۲)

## ہیضہ اور ہر قسم کی وبا طاعون وغیرہ

ایسے دنوں میں جو چیزیں کھاویں پیویں پہلے تین بار اس پر سورۃ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ (پ۳۰ ع۲۲)

---

[1] سورۃ فاتحہ شریف

پڑھ کر دم کر لیا کریں، انشاءاللہ حفاظت رہے گی، اور جس کو ہو جائے اس کو بھی کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں پلائیں، انشاءاللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

## تلی بڑھ جانا

یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں۔ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

(پ ۲ سورۃ البقرہ ع ۲۲)

## ناف ٹل جانا

یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر ناف کی جگہ باندھیں، ناف اپنی جگہ آ جاوے گی، اور اگر بندھا رہنے دیں تو پھر نہ ٹلے گی۔ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۔ (پ ۲۲ سورہ فاطر ع ۵)

## بخار

اگر بغیر جاڑے کے ہو تو یہ آیت لکھ کر باندھیں اور اسی کو دم کریں۔ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۔ (پ ۱۷ سورۃ الانبیاء ع ۵)

اور اگر جاڑے سے ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں یا بازو پر باندھیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّىْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ (پ ۱۲ سورہ ہود ع ۴)

## پھوڑا پھنسی یا ورم

پاک مٹی پنڈول وغیرہ چاہے ثابت ڈھیلا چاہے پسی ہوئی لے کر اس پر یہ دعا تین بار پڑھ کر تھوک دیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ بِتُرْبَةِ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا

اور اس پر تھوڑا پانی چھڑک کر وہ مٹی تکلیف کی جگہ یا اس کے آس پاس دن میں دو چار بار ملا کریں،

## سانپ بچھو یا بھڑ وغیرہ کا کاٹ لینا

ذرا سے پانی میں نمک گھول کر اس جگہ ملتے جاویں، اور سورۂ کافرون[1] پوری سورت پڑھ کر دم کرتے جاویں، بہت دیر تک ایسا ہی کریں۔

## سانپ کا گھر میں نکلنا یا آسیب ہونا

چار کیلیں لوہے کی لے کر ایک ایک پر یہ آیت پچیس پچیس بار دم کر کے گھر کے چاروں کونوں پر زمین میں گاڑ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سانپ اس گھر میں نہ رہے گا، وہ آیت یہ ہے،

اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَّاَكِيدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا[2] اس گھر میں آسیب کا اثر بھی نہ ہوگا۔

## باؤلے کتے کا کاٹ لینا

یہی آیت جو اوپر لکھی گئی ہے۔ اِنَّهُمْ يَكِيدُوْنَ سے رُوَيْدًا تک ایک روٹی یا بسکٹ کے چالیس ٹکڑوں پر لکھ کر ایک ٹکڑا روزانہ اس شخص کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ ہڑک نہ ہوگی۔

## بانجھ ہونا

چالیس لونگیں لیکر ہر ایک پر سات سات بار اس آیت کو پڑھے، اور جس دن عورت

---

[1] قُلْ یٰاَیُّہَا الْکٰفِرُوْنَ پ۳۰۔ [2] پ۳۰ سورۂ طارق ع ۱۱۔

پاکی کا غسل کرے اس دن سے ایک لونگ روزمرہ سوتے وقت کھانا شروع کر دے اور اس پر پانی نہ پیئے اور کبھی کبھی میاں کے پاس بیٹھے اٹھے۔ یہ آیت پڑھے۔

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ انشاءاللہ تعالیٰ اولاد ہوگی۔

## حمل گرجانا

ایک تاگا کسم کا رنگا ہوا عورت کے قد کے برابر لے کر اس میں نو گرہ لگائے اور ہر گرہ پر یہ آیت پڑھ کر پھونکے۔ انشاءاللہ حمل نہ گریگا۔ اور اگر کسی وقت تاگا نہ ملے تو کسی پرچہ پر لکھ کر پیٹ پر باندھیں، آیت یہ ہے۔ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝ (پ۱۴ سورۃ النحل ع ۱۶)

## بچہ ہونے کا درد

یہ آیت ایک پرچہ پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی بائیں ران میں باندھے۔ یا شیرنی پر پڑھ کر اس کو کھلاوے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔ آیت یہ ہے۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ (پ۳۰ سورۃ الانشقاق ع ۱)

بچہ زندہ نہ رہنا: اجوائن اور کالی مرچ آدھ آدھ پاؤ لیکر پیر کے دن دوپہر کیوقت چالیس بار سورۃ
والشمس اس طرح پڑھے کہ ہر دفعہ کے ساتھ درود شریف بھی پڑھے اور جب چالیس بار
ہو جائے، پھر ایک بار درود شریف پڑھے، اور اجوائن اور کالی مرچ پر دم کرکے اور شروع
حمل سے یا جب سے خیال ہوا ہو، دودھ چھڑانے تک روزمرّہ تھوڑا تھوڑا دونوں چیزوں
سے کھالیا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اولاد زندہ رہے گی۔

## ہمیشہ لڑکی ہونا

اس عورت کا خاوند یا کوئی دوسری عورت اس کے پیٹ پر انگلی سے کنڈل یعنی دائرہ
ستر بار بنائے، اور ہر دفعہ میں یَامَتِیْنُ کہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

## بچہ کو نظر لگ جانا یا رونا سوتے میں ڈرنا یا کمیٹرہ وغیرہ ہو جانا

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ، تین تین بار پڑھ کر اس پر دم
کرے، اور یہ دعا لکھ کر گلے میں ڈالدے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَعَيْنٍ لَامَّةٍ۔ انشاءاللہ
تعالیٰ سب آفتوں سے حفاظت رہے گی۔

## چیچک

ایک نیلا گنڈا سات تار کا لیکر اس پر سورۃ الرحمن جو ستائیسویں پارہ کے آدھے پر ہے
پڑھے، اور جب یہ آیت آیا کرے۔ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ اس پر دم کرکے ایک گرہ لگائے، سورہ کے
ختم ہونے تک اکتیس گرہیں ہو جائیں گی۔ پھر وہ گنڈا بچہ کے گلے میں ڈال دے، اگر چیچک سے

پہلے ڈالدیں تو انشاء اللہ چیچک سے حفاظت رہے گی، اور اگر چیچک نکلنے کے بعد ڈالیں تو زیادہ تکلیف نہ ہوگی۔

## ہر طرح کی بیماری

چینی کی تشتری پر سورۃ الحمد اور یہ آیتیں لکھ کر بیمار کو روزمرہ پلایا کریں۔ بہت ہی تاثیر کی چیز ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ[1] وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ[2] وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ[3] وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا[4] قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ[5]۔

## محتاج اور غریب ہونا

بعد نماز عشاء کے آگے پیچھے گیارہ بار درود شریف اور بیچ میں گیارہ تسبیح یَا مُعِزُّ کی پڑھ کر دعا کیا کرے، اور چاہے یہ دوسرا وظیفہ پڑھ لیا کرے کہ بعد نماز عشاء کے آگے پیچھے سات سات دفعہ درود شریف اور بیچ میں چودہ تسبیح اور چودہ دانے یَا وَهَّابُ پڑھ کر دعا کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فراغت اور برکت ہوگی۔

## آسیب لپٹ جانا

ان آیتوں کو بیمار کے کان میں پڑھ کر دم کرے، اور پانی پر پڑھ کر اس کو پلا دے،

---

[1] پ۱۰ سورۃ التوبہ ع ۲ [2] پ۱۹ سورۃ الشعراء ع ۵ [3] پ۱۱ سورہ یونس ع ۶ [4] پ۱۵ سورہ بنی اسرائیل ع ۹ [5] سورہ حٰم السجدہ ع ۵۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ه فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ه وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ط اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ه وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ[1] ه اور سورۃ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ[2] سات بار کان پر دم کرنا اور داہنے کان میں اذان اور بائیں میں تکبیر کہنا بھی آسیب کو بھگا دیتا ہے۔

## کسی طرح کا کام اٹکنا

بارہ روز تک ہر روز اس دعا کو بارہ ہزار دفعہ پڑھ کر ہر روز دعا کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کیسا ہی مشکل کام ہو پورا ہو جائے گا۔ یَا بَدِيْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ۔

## دیو کا شبہ ہو جانا

قل اعوذ برب الفلق۔ قل اعوذ برب الناس[3] تین تین بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں اور زیادہ پانی پر دم کر کے اس پانی میں نہلا دیں، اور یہ دعا چالیس روز تک روز مرہ چینی کی تشتری پر لکھ کر پلایا کریں۔ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ يَا حَيُّ۔ انشاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر جاتا رہے گا، اور یہ دعا ہر اس بیمار کیلئے بھی بہت مفید ہے جس کو حکیموں نے جواب دیدیا ہو۔

## خاوند کا ناراض یا بے پرواہ رہنا

بعد نماز عشاء کے گیارہ[11] دانے سیاہ مرچ کے لیکر آگے پیچھے گیارہ بار درود شریف

---

[1] سورۃ المؤمنون پ۱۸ ع۶۔ [2] پ۳۰ سورۃ طارق۔ [3] سورۃ فلق اور سورۃ والناس مکمل مع بسم اللہ

اور درمیان میں گیارہ تسبیح یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ کی پڑھیں، اور خاوند کے مہربان ہونے کا خیال رکھیں، جب سب پڑھ چکیں، ان سیاہ مرچوں پر دم کر کے تیز آنچ میں ڈالیں، اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خاوند مہربان ہو جاوے گا، اور کم سے کم چالیس روز کریں۔

## دودھ کم ہوتا

یہ دونوں آیتیں نمک پر سات بار پڑھ کر ماش کی دال میں کھلائیں۔ پہلی آیت وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَیْنِ كَامِلَیْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ[۱] دوسری آیت وَاِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِیْكُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ[۲] دوسری آیت اگر آٹے کے پیڑے پر پڑھ کر دم کر کے گائے و بھینس کو کھلاویں، خوب دودھ دیتی ہے۔

جس کو اور زیادہ جھاڑ پھونک کی چیزیں جاننے کا شوق ہو وہ ہماری کتاب اعمال قرآنی کے تینوں حصے اور شفاء العلیل اور ظفر جلیل دیکھ لے، اور ان باتوں کو ہمیشہ یاد رکھو کہ قرآن کی آیت بے وضو مت لکھو، اور نہانے کی ضرورت میں پڑھو بھی مت، اور جس کاغذ پر قرآن کی آیت لکھ کر تعویذ بناؤ اس کاغذ پر ایک اور کاغذ سادہ لپیٹ دو تاکہ تعویذ لینے والا اگر بے وضو ہو تو اس کو ہاتھ میں لینا درست ہو، اور چینی کی تشتری پر بھی آیت لکھ کر بے وضو کے ہاتھ میں مت دو، بلکہ تم خود پانی سے گھول دو، اور جب تعویذ کام کا نہ رہے اس کو پانی میں گھول کر کسی ندی یا نہر یا کنویں میں چھوڑ دو۔

---

[۱] سورۃ البقرہ ع ۳۰۔ [۲] پ ۱۴ سورۃ النحل ع ۹۔

## برائے شیرنی پھل

فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝ (پ سورۃ بقرہ ع ۸)

یہ آیت پڑھ کر خربوزہ یا کوئی چیز تراشے تو انشاءاللہ تعالیٰ شیریں ولذیذ معلوم ہوگی۔

## دفع غصۂ حاکم

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ (پ سورۃ البقرہ ع ۱۶)

جس سے حاکم ناراض وخفا ہو وہ اس آیت کو پڑھا کرے، یا لکھ کر بازو پر باندھ لیوے، انشاءاللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہو جائے گا۔

## تلاش گم شدہ

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ (پ سورۃ البقرہ ع ۱۹) اگر یہ آیت پڑھ کر گم ہوئی چیز تلاش کی جائے تو انشاءاللہ تعالیٰ ضرور مل جائے، ورنہ غیب سے کوئی چیز اس سے عمدہ ملے گی۔

## برائے محبت شوہر

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ۝ (پ ۲ سورۃ البقرہ ع ۲۰)

جس کا شوہر ناراض ہو اس آیت کو شیرنی پر پڑھ کر کھلاوے، انشاءاللہ تعالیٰ مہربان ہو جاوے گا، مگر واضح رہے کہ ناجائز محل میں ہرگز اس کا اثر نہ ہوگا۔

دفع غصۂ حاکم ——— كَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ

مِّنْ اٰیَۃٍ بَیِّنَۃٍ ط وَ مَنْ یُّبَدِّلْ نِعْمَۃَ اللّٰہِ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْہُ فَاِنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ۝ (پ سورۃ بقرہ ع ۲۵) جس سے حاکم سخت خفا و ناراض ہو ان آیتوں کو تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے اس کے سامنے جائے، انشاء اللہ تعالیٰ مہربان ہو جائے گا۔

## دفع اثر شیطان

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ (پ سورہ بقرہ ع ۳) آخر تک ۔ آیۃ الکرسی کو جو شخص ہر نماز کے بعد ایک بار پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسکے پاس شیطان نہ آئے گا کیونکہ اس نے اقرار کیا ہے کہ جو شخص آیۃ الکرسی پڑھتا ہے میں اس کے پاس نہیں جاتا۔

## حفاظت از چوری

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْہِ مِنْ رَّبِّہٖ سورہ کے مطابق عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝ (پ ع ۸) جو شخص یہ سب آئتیں پڑھ کر شب کو سوئے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ چور اور ہر شی سے محفوظ رہے گا۔

## اداءِ قرض

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ (پ ع ۲) ادائے قرض کے لئے سات بار صبح و شام پڑھ لیا کرے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ قرض ادا ہو جائے گا۔

## برائے پسر صالح

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ (پ سورہ آل عمران ع)

جس کو اولاد سے مایوسی ہو چکی ہو اس آیت کو پڑھا کرے، خداوند کریم اس کی برکت سے فرزند صالح عطا فرمائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

## تسخیر سواری

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ○ (پ ع ۹) اگر سواری کا کوئی جانور گھوڑا اونٹ سواری کے وقت شوخی و شرارت کرے اور چڑھنے نہ دے تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر اس کے کان میں پھونک دے، انشاءاللہ تعالیٰ سیدھا ہو جائے گا

## نجات از مصیبت

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (پ سورہ آل عمران ع ۱۸) جو شخص کسی مصیبت و بلا میں مبتلا ہو اس آیت کو پڑھا کرے، انشاءاللہ تعالیٰ اس کی مصیبت جاتی رہے گی۔

## شفا از مرض

فَكُلُوْهُ هَنِيْٓئًا مَّرِيْٓئًا (پ سورۃ النساء ع ۱) اس آیت سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک عجیب دوا استنباط فرمائی ہے، وہ یہ ہے کہ کوئی شخص اپنی زوجہ کو دین مہر سے کچھ زر نقد دے اور وہ عورت اس زر نقد کو لیکر پھر اپنے شوہر کو بخش دے، اس زر نقد سے شہد خرید کیا جاوے، اور اس میں بارش کا پانی ملا کر جس مریض کو پلایا جاوے، انشاءاللہ تعالیٰ ضرور

شفا پاوے گا۔ مجرب آزمودہ ہے۔

## دفع بخار از گرمی

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ (پ۹ سورۃ الاعراف ع ۲۴) جس شخص کو گرمی سے بخار آتا ہو، اس آیت کو پڑھ کر اس پر دم کرے۔ یا تشتری پر لکھ کر پلاوے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

## دفع ہول دل

لِیَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَ یُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ؕ (پ سورۃ الانفال ع ۲) یہ آیت ہول دل کیلئے نہایت مجرب ہے۔ اسکو لکھکر تعویذ بنا کر گلے میں اس طرح لٹکاوے کہ وہ تعویذ عین قلب پر رہے۔ بلکہ اس کو کپڑے سے یا ٹھرے یعنی دھاگے سے باندھ دے کہ قلب سے نہ ہٹنے پاوے۔

## حفاظت از خواب بد

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَ فِی الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِیْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ؕ (پ۱۱ سورہ یونس ع ۸) جس شخص کو بدخوابی ہوتی ہو اور پریشان خواب دیکھتا ہو، وہ اسکو لکھکر گلے میں ڈالے، یا سوتے وقت پڑھ لیا کرے، انشاء اللہ تعالیٰ خواب بد سے محفوظ رہے گا۔

## شفا از سحر

فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۝ وَ یُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَ لَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (پ۱۱ سورہ یونس ع

سحر کے لئے بہت مجرب ہے، جس پر کسی نے سحر کیا ہو، ان آیتوں کو لکھ کر گلے میں ڈالے

یا تشتری پر لکھ کر پلاوے، انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جاوے گی۔

## دفع بخار سردی وسفر

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (پ۱۲ سورہ ہود ع ۴)

جب کشتی یا دوسری سواری پر سوار ہونے لگے تو اس آیت کو پڑھ لے، انشاء اللہ تعالیٰ

راہ کی آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اور جس شخص کو سردی سے بخار آتا ہو اس کو بیری کی لکڑی

پر لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دے، انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی۔

## دفع خوف دشمن

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (پ ۱۳ سورہ یوسف ع ۸)

جسکو دشمن سے خوف ہو یا اور کسی طرح کی بلا و مصیبت کا خوف ہو وہ اس کو کثرت سے

پڑھا کرے، انشاء اللہ تعالیٰ دشواری دور ہو جائے گی۔

## حفاظت حمل

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ

عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ (پ۱۳ سورہ الرعد ع ۲)

اگر حمل گر جانے کا خوف ہو، یا حمل نہ ٹھیرتا ہو تو اس آیت کو اور اوپر والی آیت، ان

دونوں کو لکھکر عورت کے رحم پر باندھے، انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا، اور اگر نہ

ٹھیرتا ہو تو قرار پائے گا۔

## دفع درد ہر قسم

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ۃ پ۱۵

سورہ بنی اسرائیل ع ۱۲) ہر مرض اور ہر درد کے واسطے مقام درد پر ہاتھ رکھ کر ان آیتوں کو پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے، انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد صحت ہوگی۔

## امن از شیر و کتا

کَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْهِ ۃ (پ۱۵ سورۃ الکہف ع ۳) اگر راستہ میں کوئی شیر و کتا حملہ کرے اور شور مچاوے تو فوراً اس آیت کریمہ کو پڑھ لے چپ ہو جائے گا۔

## دفع بخار گرمی

قُلْنَا یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ ۃ (پ۱۷ سورۃ الانبیاء ع ۵)

جسکو گرمی سے بخار آتا ہو اس آیت کو لکھکر تعویذ بنا کر اسکے گلے میں ڈالدے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا۔

## حل مشکلات

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۃ (پ۱۷ سورۃ الانبیاء ع ۶)

اسمیں اسم اعظم مخفی ہے جس مصیبت و بلا میں پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ عظیم اٹھائے گا،

## برائے اولاد

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۃ (پ۱۷ سورۃ الانبیاء ع ۶) جسکو اولاد سے مایوسی ہو نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاءاللہ صاحب اولاد ہو جائے گا، یہ دعا حضرت زکریا کی ہے

## حفظ حمل

يَآيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ۝ (پ۱۷ سورۃ الحج ع ۱)

حفظ حمل کے لئے مفید ہے۔ نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں۔

## حفظِ وساوس

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝

(پ۱۸ سورۃ المؤمنون ع ۶) جس کے دل میں وسوسۂ شیطانی بہت پیدا ہوں، وہ اسکو بکثرت پڑھا کرے،

انشاءاللہ تعالیٰ ان وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔

## دفع آسیب

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ

فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۝ (پ۱۸ سورۃ المؤمنون ع ۶) جس شخص پر آسیب ہو ان آیتوں کو تین بار

پانی پر پڑھ کر منہ پر چھینٹا دیوے، یا کان میں دم کر دیوے، انشاءاللہ تعالیٰ فوراً دور ہو جائے گا۔

## دفع زہر

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝ (پ۱۹ سورۃ الشعراء ع ۷) اگر کسی کو زہریلا جانور

کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتا ہوا ایک سانس میں سات بار پڑھ کر دم کرے

انشاءاللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

## دفع چیونٹیاں ـــــــــــــ يَآيُّهَا

الۡنَّمۡلُ ادۡخُلُوۡا مَسٰكِنَكُمۡ لَا يَحۡطِمَنَّكُمۡ سُلَيۡمٰنُ وَجُنُوۡدُهٗ وَهُمۡ لَا يَشۡعُرُوۡنَ

(پ ۱۹ سورۃ النمل رکوع ۲) اگر چیونٹیوں کی کثرت ہو تو اس آیت کو لکھ کر انکے سوراخ کے پاس رکھ دے، انشاءاللہ تعالیٰ سب چیونٹیاں اپنے سوراخ میں داخل ہو جائیں گی۔

## دفع تلی

اِنَّ اللّٰهَ يُمۡسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ... حَلِيۡمًا غَفُوۡرًا تک (پ ۲۲ ع)

اسکو کاغذ پر لکھکر تعویذ بناکر طحال پر باندھے، انشاءاللہ تعالیٰ طحال جاتا رہے گا۔

## برائے صحت ناف

ذٰلِكَ تَخۡفِيۡفٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَرَحۡمَةٌ (پ ۲ سورۃ البقرہ ع ۲۲) جس کسی کی ناف ٹل گئی ہو اس آیت کریمہ کو لکھ کر ناف پر باندھے، انشاءاللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی۔

## برائے صحت امراض

وَيَشۡفِ[1] صُدُوۡرَ قَوۡمٍ مُّؤۡمِنِيۡنَ ۙ وَشِفَآءٌ[2] لِّمَا فِى الصُّدُوۡرِ ۙ يَخۡرُجُ[3] مِنۡ بُطُوۡنِهَا شَرَابٌ مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُهٗ فِيۡهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ وَنُنَزِّلُ[4] مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۙ وَاِذَا[5] مَرِضۡتُ فَهُوَ يَشۡفِيۡنِ ۙ قُلۡ[6] هُوَ لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا هُدًى وَّ شِفَآءٌ ؕ ان آیاتِ شفاء کو جس مرض میں چاہے تشتری پر لکھ کر مریض کو پلائے یا تعویذ لکھ

---

[1] پ ۱۰ سورہ التوبہ ع ۲ [2] پ ۱۱ سورہ یونس ع ۶ [3] پ ۱۴ سورہ النحل ع ۹ [4] پ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل ع ۹
[5] پ ۱۹ سورہ الشعراء ع ۵ [6] پ ۲۴ سورہ حٰم السجدہ ع ۵۔

گلے میں ڈالدے۔ انشاءاللہ تعالیٰ صحت ہوگی، اگرچہ کیسا ہی سخت مرض ہو۔

## اولاد نافرمان

رَبِّ اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝ (پ۲۶ سورۃ الاحقاف ع۲)

جس کی اولاد نافرمان ہو وہ اس آیت کو ہر نماز کے بعد پڑھا کرے، انشاءاللہ تعالیٰ صالح ہوجائے گی۔ پڑھنے کے وقت ذُرِّیَّتِیْ کے لفظ پر اپنی اولاد کا خیال رکھے۔

## حفظ بصر

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ۝ (پ۲۶ سورۃ ق ع۲)

اس آیت کو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کرکے آنکھوں پر لگائے، انشاءاللہ تعالیٰ بصارت میں کمی نہ ہوگی، بلکہ جس قدر نقصان ہوگیا ہوگا وہ بھی جاتا رہے گا۔

## دفع دردِ سر

لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ ۝ (پ۲۷ سورۃ الواقعۃ ع۱)، جسکو دردِ سر ہو اس پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے، انشاءاللہ تعالیٰ جاتا رہے گا۔

## دفع نظرِ بد

وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝ (پ۲۹ سورۃ القلم ع۲)

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ نظرِ بد کیلئے یہ دعا بہت مفید ہے۔

## قبول دعا کا طریقہ

وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِىَ رُسُلُ اللّٰهِ ؔ اَللّٰهُ

اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ (پ سورہ الانعام ع ۱۵) ان دو آیتوں میں لفظ اللہ دو جگہ

متصل واقع ہے جو شخص ان دونوں لفظ اللہ کے درمیان کوئی دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ ضرور قبول ہوگی۔

## مغفرت از گناہ

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سكة وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

(پ سورہ الاعراف ع ۲) جو شخص اس آیت کو ہر فرض نماز کے بعد ایک بار پڑھکر مغفرت کی دعا مانگے

انشاءاللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف ہوں، کیونکہ یہ دعا حضرت آدمؑ کی ہے۔

## برائے استخارہ

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ (پ سورہ بقرہ ع ۴)

اگر کسی کار خیر میں استخارہ منظور ہو تو بعد نماز عشاء خیالات فاسدہ کو دل سے یکسو کر کے ایک

سو ایک بار اس آیت شریف کو پڑھے، اور مطلب کا خیال کر کے سو رہے جو بہتر ہوگا، انشاءاللہ خواب

میں معلوم ہو جائے گا۔

## دفع داد

فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۝ (پ سورہ البقرہ ع ۳۶) داد پر لکھ دینے سے دفع

ہو جاتا ہے۔

## درد قلب و نکسیر —————— وَنَزَعْنَا

مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ غِلٍّ ۝ (پ ع ۱۲) اس آیت کو مٹی کے کورے برتن پر زعفران و گلاب سے لکھ کر پاک پانی سے دھو کر پیوے، درد قلب زائل ہو جاوے۔

## درد داڑھ

لِكُلِّ نَبَإٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ (پ ع ۱۴) چھوٹے سے کاغذ پر لکھکر داڑھ کے نیچے دبا دے

## برائے جذام

ابن قتیبہ نے کہا کہ ایک جذامی نے جس کا گوشت گرنے لگا تھا کسی بزرگ سے شکایت کی، انھوں نے یہ آیت پڑھ کر تھتکارا، نئی کھال نکل آئی اور اچھا ہو گیا۔

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (پ سورہ انبیاء ع ۶)

# بسم اللہ کے بعض خواص مجرّبہ

## ہر مشکل اور ہر حاجت کے لئے

۱۔ جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو بارہ ہزار مرتبہ اس طرح پڑھے کہ ہر ایک ہزار پورا کرنے کے بعد درود شریف کم از کم ایک مرتبہ پڑھے اور اپنے مقصد کے لئے دعا مانگے، پھر ایک ہزار اور اسی طرح پڑھ کر مقصد کیلئے دعا کرے، اسی طرح بارہ ہزار پورے کر دے۔ تو انشاء اللہ ہر مشکل آسان اور ہر حاجت پوری ہو گی۔

۲۔ بسم اللہ کے حروف کے عدد سات سو چھیاسی ہیں جو شخص اس عدد کے موافق سات روز تک متواتر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھا کرے اور اپنے مقصد کیلئے دعا کیا کرے، انشاء اللہ مقصد پورا ہو گا۔

**تسخیر قلوب**:۔ جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو چھ سو مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے، تو لوگوں کے دلوں میں اس کی عظمت و عزت ہوگی، کوئی اس سے بدسلوکی نہ کر سکے گا۔

**حفاظت از آفات**:۔ جو شخص محرم کی پہلی تاریخ کو ایک سو تیرہ مرتبہ پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، ہر طرح کی آفات و مصائب سے محفوظ رہے گا، مجرب ہے۔

**چوری اور شیطانی اثرات سے حفاظت**:۔ سونے سے پہلے اکیس مرتبہ پڑھے، تو چوری اور شیطانی اثرات سے اور اچانک موت سے محفوظ رہے۔

**ظالم پر غلبہ**:۔ کسی ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اُس کو مغلوب کر کے اِس کو غالب کر دیں گے۔

**ذہن اور حافظہ کیلئے**:۔ سات سو چھیاسی مرتبہ پانی پر دم کر کے طلوع آفتاب کے وقت پئے تو ذہن کھل جائے اور حافظہ قوی ہو جائے۔

**حُب کے لئے**:۔ سات سو چھیاسی مرتبہ پانی پر دم کر کے جس کو پلائے اس کو گہری محبت ہو جائے (ناجائز کاموں میں استعمال کرے گا تو وبال کا خطرہ ہے)

**حفاظت اولاد**:۔ جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو اکسٹھ مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے تو بچے محفوظ رہیں گے۔ مجرب ہے۔

**کھیتی کی حفاظت اور برکت کے لئے**:۔ ایک سو ایک مرتبہ کاغذ پر لکھ کر کھیت میں دفن کر دے تو کھیتی تمام آفات سے محفوظ رہے، اور اس میں برکت ہو۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے تحریر کردہ

# اس رسالہ میں

## مختلف امراض کا علاج

جھاڑ پھونک (قرآنی آیات دم کر کے یا تعویذ) کے ذریعہ بتایا گیا ہے، جیسے

ہر قسم کا درد (سر، دانت، ریاح، پیٹ، قلب ونکسیر، بچہ ہونا)

ہر قسم کی کمزوری (دماغ، نگاہ، وغیرہ)

مختلف امراض (بخار، ہول دل، ناف ٹل جانا، پھوڑا پھنسی، چیچک وغیرہ)

جانوروں کا کاٹنا (سانپ، بچھو، بھڑ، پاگل کتا، وغیرہ)

عورتوں کے امراض (بانجھ ہونا، حمل گر جانا، دودھ کم ہونا،

ان کے علاوہ مختلف ضرورتوں اور پریشانیوں کے حل کے لئے متعدد دعائیں۔

کسی قسم کی بیماری میں یا اولاد کی آرزو میں

خلاف شرع کوئی کام کرنا شرک تک پہونچا دیتا ہے

قرآن کریم کی آیات سے دم کرنا اور بطور تعویذ استعمال کرنا

باعثِ برکت وصحت ہے

اس سے خدا تعالیٰ کے نام کی برکت سے شفا بھی ہوتی ہے اور دین بھی

بچا رہتا ہے نیز مال وآبرو کا نقصان بھی نہیں ہوتا۔

DESIGNED AT : S. F. GRAPHIX,
LKO. PH. : 9936265406

PRINTED AT : KAKORI OFFSET PRESS,
LKO. PH. : 2629616, 6535663